Fikr-o-Nasar (Islamabad) 12:8 (1975) ©rasailojaraid.com

# عالم اسلام

محمود احمد غازی

**اٹلی:** روم میں ایک جامع مسجد کی تعمیر کے لئے سعودی عرب کے شاہ فیصل نے ستر لاکھ ڈالر کا عطیہ دیا ہے۔ روم میں اس مسجد کی تعمیر کا منصوبہ برسوں پرانا ہے، لیکن وسائل کی کمی کی وجہ سے اب تک اس کو عملی جامہ نہ پہنایا جا سکا تھا۔ اب توقع ہے کہ بہت جلد اس مسجد کی تعمیر مکمل ہو جائے گی۔

**الجزائر:** الجزائر کے وزیر تعلیم و امور دینیہ جناب مولود قاسم نے بجایہ کے قدیم تاریخی شہر میں ایک اسلامی ادارۂ نسواں کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر بجایہ کے گورنر نے خواتین میں اسلامی تعلیم و تربیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس ادارہ میں بیک وقت آٹھ سو طالبات تعلیم حاصل کر سکیں گی۔ ادارہ کی عمارت نہایت وسیع اور پر شکوہ بنائی گئی ہے۔ اس میں صرف لیکچر ہالز کی تعداد بارہ ہے۔

**ملائشیا:** ملائشیا نے اسلامی ترقیاتی بنک کے لئے ۲ ملین (ایک کروڑ ساٹھ لاکھ) اسلامی دینار کی رقم دی ہے۔ اس طرح اسلامی ترقیاتی بنک کا اداشدہ سرمایہ دو ارب اسلامی دینار ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ ایک اسلامی دینار ۱۸ء۱ امریکی ڈالر کے برابر ہے۔

**جنوبی افریقہ:** جنوبی افریقہ کے شہر لینا زیا میں مسلمانوں کی تنظیم جمعیت نور الاسلام نے ایک اہم دینی و تعلیمی منصوبہ شروع کیا ہے۔ جمعیت کے سربراہ ڈاکٹر محمد اسمعیل مونویان اس منصوبہ کے نگران ہیں۔ منصوبہ میں ڈیڑھ ہزار افراد کی گنجائش رکھنے والی ایک مسجد، انیس کمروں پر مشتمل ایک مدرسہ،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جلسوں اور سیمیناروں کے ایک بڑا ہال جس میں ایک ہزار افراد کی گنجائش ہوگی اور ایک بڑی اسلامی لائبریری شامل ہے۔ اس مقصد کے لئے ایک وسیع قطعۂ زمین خرید لیا گیا ہے۔

**مکہ مکرمہ** : ۱ - رابطہ عالم اسلامی کی مجلس تاسیسی نے اپنے حالیہ اجلاس میں عالم اسلام کے ائمہ مساجد کے نمائندوں کی ایک کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کانفرنس میں دنیا کے ہر ملک کے ائمہ مساجد شرکت کریں گے۔ اور اس امر پر غور کریں گے کہ اسلامی معاشرہ میں مسجد کی مرکزیت کو کیونکر بحال کیا جائے اور مساجد کے اجتماع کو کس طرح زیادہ سے زیادہ مؤثر بنایا جائے۔

۲ - رابطہ عالم اسلامی کو ایک غیر سرکاری ثقافتی تنظیم کی حیثیت سے یونسکو کی رکنیت مل گئی ہے۔ رابطہ عالم اسلامی کے ذمہ دار افراد اس ضمن میں مناسب اقدامات کر رہے ہیں۔

**نائجیریا** : شمالی نائجیریا کے چیف جسٹس شیخ ابو بکر محمد جومی نے بتایا ہے کہ نائیجریا میں تبلیغ اسلام کا کام الحمدللہ بہت عمدہ طریقہ سے ہو رہا ہے۔ غیر مسلموں میں قبول اسلام کا اوسط پہلے سے بہت بڑھ گیا ہے۔ حال ہی میں مشرقی نائجیریا کے تقریباً چھ ہزار افراد نے مسیحیت سے توبہ کرکے اسلام قبول کر لیا ہے۔ ہم اپنے ان نو مسلموں بھائیوں کو اسلامی برادری کی طرف سے خوش آمدید کہتے ہوئے ان کو قبول اسلام پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور ان کے لئے استقامت کی دعا کرتے ہیں۔

**تونس** : پچھلے دنوں یہاں حفظ قرآن مجید کا ایک بڑا مقابلہ منعقد ہوا جس میں سینکڑوں نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں نے حصہ لیا۔ اول اور دوم آنے والوں کو انعامات تقسیم کئے گئے۔ مختلف سرکاری دفاتر اور مرکزی وزارتوں نے بھی بعض انعامات کا اعلان کیا تھا۔ اس موقعہ پر ان دفاتر اور وزارتوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ پہلا انعام تونسی فوج کے ایک نوجوان لیفٹیننٹ نے حاصل کیا۔ ان کو سرکاری خرچ پر حج کے لئے بھیجا جائے گا۔ اور ایک ٹیلی ویژن سیٹ بطور تحفہ دیا جائے گا۔

© rasailojaraid.com